نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

بین الاقوامی زیتون کونسل نے پاکستان کو باقاعدہ ممبر بنانے کی منظوری دے دی

ایگزیکٹوڈائریکٹر بین الاقوامی زیتون کونسل عبداللطیف غدیرہ کا بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کا دورہ

لاہور 24 اکتوبر 2021: بین الاقوامی زیتون کونسل نے پاکستان کو باقاعدہ طور پر کونسل کا ممبر تسلیم کرلیا ہے۔ باقاعدہ ممبرشپ کے ذریعے پاکستان کی زیتون کی پیداوار حاصل کرنے کے لئے بین الاقوامی سطح پر معاونت دی جا سکے گی اور اس سیکٹر کو مزید ترقی دینے کے لئے کونسل کی طرف سے ہر سطح پر معاونت دی جائے گی۔کونسل پاکستان کے زیتون کے تیل اور اس کی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کروانے میں کردار ادا کرے گی اور اس سے زیتون کے تیل کو بیرون ملک برآمد کرنے میں مدد ملے گی۔ان خیالات کا اظہار ایگزیکٹوڈائریکٹر بین الاقوامی زیتون کونسل عبداللطیف غدیرہ نے بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کے دورہ کے موقع پر اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ پاکستان کے آب وہوا زیتون کی کاشت اور معیاری پیداوار حاصل کرنے کیلئے انتہائی موزوں ہے اور پاکستان میں زیتون کی پیداوار بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔اس وقت حکومت پاکستان زیتون کی ترقی کے لئے متعدد منصوبے چلا رہی ہے جن کی وجہ سے مستقبل میں پاکستان زیتون کی پیداوار میں نا صرف خود کفیل ہو جائے گا بلکہ برآمد بھی کر سکے گا۔نھوں نے بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کی طرف سے زیتون کی کاشت کے لئے کئے گئے اقدامات کی تعریف کی اور ان کا مزید کہنا تھا کہ ادارہ ہذا میں قائم سینٹر آف ایکسیلینس فار آلیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ کو جدید ٹیکنالوجی میں معاونت کیے لئے بین الاقوامی زیتون کونسل کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔اس موقع پر بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کے ڈائریکٹر محمد رفیق ڈوگر نے بریفینگ دیتے ہوئے کہا کہ بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کی کاوشوں سے خطہ پوٹھوار میں زیتون کے ساڑھے چودہ لاکھ پودے کاشتکاروں کو سبسڈی پر فراہم کئے جا چکے ہیں اور پوٹھوار میں ایک منصوبہ کے تحت زیتون کی کاشت گیارہ ہزار ایکٹر پر کاشت کی جا چکی ہے۔اسی منصوبے کے تحت زیتون کی آبپاشی کے مسائل کے حل کے لئے 70 فیصد سبسڈی پر جدید ڈرپ نظام آبپاشی کی تنصیب بھی کی گئی۔اس کے علاوہ ادارہ ھذا میں کاشتکاروں کو زیتون کا تیل کشید گی سبسڈی پر کر کے دی جا رہی ہے۔ادارہ نے کاشت کے لئے زیتون کی اقسام تیار کی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال ادارہ میں پہلا سنٹر فار ایکسیلنس فار اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ کے ذریعے تحقیق اور کاشتکاروں کو تربیت دی جا رہی ہے۔ایگزیکٹوڈائریکٹر بین الاقوامی زیتون کونسل عبداللطیف غدیرہ نے کشیدگی یونٹ کا معائنہ کیا اور اس موقع پر تیل کی کشیدگی کے معیار کو سراہا۔مزید براں انھوں نے بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال میں زیتون کا پودا لگایا۔اس موقع پر ڈاکٹر خیر محمد کاکڑ مینیجنگ ڈائریکٹر پاکستان آئل سیڈ ڈویلپمینٹ ڈیپارٹمینٹ حکومت پاکستان، ڈاکٹر محمد طارق پراجیکٹ ڈائریکٹر قومی منصوبہ برائے فروغ زیتون، محمد رفیق ڈوگر ڈائریکٹر بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال، ڈاکٹر رمضان انصر سینئر سائنٹسٹ زیتون، ڈاکٹر محمد اظہر اقبال سائنٹیفک آفیسر زیتون، اشرف سمرا ہارٹیکلچرسٹ، انعام الحق ہارٹیکلچرسٹ اور ہارون احمد اسسٹنٹ ڈائریکٹر زرعی اطلاعات راولپنڈی بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆